PAKISTAN DOMESTIC SEASON 2019-20
14 SEP - 24 APR

CRICKET CHAMPIONS
Inspiring the Nation

# نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر سے کھلاڑیوں کی آمدن میں اضافہ ہوگا

- سیزن 20-2019 میں ایک کھلاڑی کو سالانہ 20 لاکھ روپے کی آمدن ہوگی
- قائداعظم ٹرافی کی انعامی رقم میں 233 فیصد اضافہ کردیا گیاہے
- پاکستان کپ کی انعامی رقم میں 150 اور قومی ٹی ٹونٹی کپ کی انعامی رقم میں 100 فیصد اضافہ کیا گیا ہے
- نیا ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کھلاڑیوں کا معیار زندگی بہتر کرے گا، چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان

**لاہور،یکم ستمبر 2019ء:**

ٹیموں اورمیچوں کی تعداد میں کمی کے باوجود پاکستان کرکٹ بورڈ ڈومیسٹک سیزن 20-2019 پرایک ارب روپے سے زائد خرچ کرے گا۔

رقم کا بڑا حصہ کھلاڑیوں کو معاوضے کی ادائیگی کی مد میں خرچ ہوگا۔ کھلاڑیوں کے لیے میچ فیس، الاونس اورانعامی رقم میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ایک کھلاڑی مکمل سیزن میں مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے کمائے گا۔

نئے ڈومیسٹک اسٹرکچر میں 6 کرکٹ ایسوسی ایشنزکی جانب سے 32، 32 کھلاڑیوں کو ایک سال کے لیے سنٹرل کنٹریکٹ جاری کیے جائیں گے۔ مجموعی طور پر 192 کھلاڑیوں کو کنٹریکٹ جاری ہوں گے۔ہر کھلاڑی کو 50 ہزارروپے ماہوار تنخواہ کے حساب سے سالانہ 6 لاکھ روپے کی آمدن ہوگی۔

اس سے قبل فرسٹ کلاس کرکٹ میں کھلاڑیوں کو محض میچ فیس دی جاتی تھی۔

ڈومیسٹک کرکٹ مقابلوں میں کھلاڑیوں کی فی میچ آمدن میں میں اضافے کا تقابلی جائزہ

مندرجہ ذیل ہے:

| ٹورنامنٹ | سیزن 20-2019 | سیزن 19-2018 |
|---|---|---|
| **قائداعظم ٹرافی (فرسٹ کلاس)** | پلیئنگ الیون: 75 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 30 ہزار روپے | پلیئنگ الیون: 50 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 12 ہزار روپے |
| **پاکستان کپ ایک روزہ ٹورنامنٹ** | پلیئنگ الیون : 40 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون :16 ہزار روپے | پلیئنگ الیون : 35 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون :8750 روپے |
| **قومی ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ** | پلیئنگ الیون : 40 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 16 ہزار روپے | پلیئنگ الیون : 30 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 7500 روپے |

نئے ڈومیسٹک اسٹرکچرمیں سیکنڈ الیون، انڈر 19 اور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے کھلاڑیوں کی آمدن میں بھی اضافہ کیا گیا ہے، جس کا تقابلی جائزہ مندرجہ ذیل ہے:

| **سیکنڈ الیون میں شامل کھلاڑیوں کی میچ فیس** | | |
|---|---|---|
| **ٹورنامنٹ** | **سیزن 20-2019** | **سیزن 19-2018** |
| **نان فرسٹ کلاس** | پلیئنگ الیون: 30 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون :12 ہزار روپے | پلیئنگ الیون: 8 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون :2 ہزار روپے |
| **ایک روزہ ٹورنامنٹ** | پلیئنگ الیون : 15 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 6 ہزار روپے | |
| **ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ** | پلیئنگ الیون : 15 ہزار روپے<br>نان پلیئنگ الیون : 6 ہزار روپے | |

| انڈر 19 کھلاڑیوں کی میچ فیس | | |
|---|---|---|
| **ٹورنامنٹ** | **پلیئنگ الیون** | **نان پلیئنگ الیون** |
| **تین روزہ کرکٹ** | 10ہزار روپے | 4 ہزار روپے |
| **ایک روزہ کرکٹ** | 5 ہزار روپے | 2 ہزار روپے |

سنٹرل کنٹریکٹ یافتہ 32 کھلاڑی ڈیلی الاونس کے ساتھ ساتھ تھری اور فور اسٹار ہوٹل میں رہائش اختیار کریں گے۔ کھلاڑیوں کے لیے دوران سیزن وینیوز پر کھانے کا اہتمام ہوگا۔ بین الصوبائی سفر کے لیےکھلاڑی جہاز کی اکانومی کلاس کا استعمال کریں گے۔

ڈومیسٹک سیزن کی انعامی رقم میں بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ قائداعظم ٹرافی کی انعامی رقم میں 233 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ پاکستان کپ کی انعامی رقم میں 150 اور قومی ٹی ٹونٹی کپ کی انعامی رقم میں 100 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

ملک کے پریمیئر کرکٹ ٹورنامنٹ، قائداعظم ٹرافی کی فاتح ٹیم کو 1 کروڑ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔ رنراپ ٹیم 50 لاکھ روپے کی انعامی رقم وصول کرے گی۔ ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں 50 لاکھ روپے کے انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ قائداعظم ٹرافی کے فائنل مقابلے میں مین آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کرنے والے کھلاڑی کو 50 ہزار روپے انعام دیا جائے گا۔

پاکستان کپ ایک روزہ ٹورنامنٹ اور قومی ٹی ٹونٹی کپ جیتنے والی ٹیموں کو 50، 50 لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔ دونوں ٹورنامنٹس کی رنراپ ٹیموں کو 25، 25 لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔ دونوں ٹورنامنٹس کے مین آف دی فائنل میچ کو 35، 35 ہزار روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔

قومی ایک روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے ٹاپ پرفارمرز میں ڈھائی لاکھ روپے کی انعامی رقم تقسیم کی جائے گی۔ٹی ٹورنامنٹ میں ایک لاکھ روپے کی انعامی رقم تقسیم کی جائے گی۔

**وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی :**

اس موقع پر پی سی بی کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ نیا ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کھیل کے معیار کے ساتھ ساتھ قومی کھلاڑیوں کی آمدن میں اضافے کا باعث بھی بنے گا۔

وسیم خان نے کہا کہ کھلاڑیوں کو طویل عرصہ ان کے جائز حق سے دور رکھنا افسوسناک تھانوجوان کھلاڑیوں کے لیے کرکٹ کو ایک کیریئر بنانا ہمارا مقصد ہے۔انہوں

نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ فرسٹ کلاس کرکٹرز سمیت نچلی سطح پر کرکٹ کھیلنے والے کھلاڑیوں کی آمدن میں اضافے کو بھی یقینی بنائے گا۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی وسیم خان نے کہا امید ہے کہ کرکٹرز کی آمد میں اضافہ انہیں سخت محنت کرنے کی ترغیب دے گا۔ انہوں نے کہا کہ نیا اسٹرکچر نوجوان کھلاڑیوں کو کرکٹ کی طرف راغب کرے گا۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4